حملوں کے خلاف احتجاجی مظاہرے کیے گئے مولانا سمیع الحق نے اکوڑہ خٹک میں ایک بڑی ریلی کی قیادت کی ریلی میں وفاق المدارس کے مرکزی نائب صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق حقانی، شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ، جمعیت کے صوبائی امیر مولانا یوسف شاہ' مولانا احمد شاہ' مولانا عرفان الحق حقانی' مولانا بلال الحق مکی اور اہلسنت والجماعت کے رہنما محمد حامد نے خطاب کیا۔ مولانا سمیع الحق کی اپیل پر لاہور میں جمعیت کے راہنماؤں مولانا عبدالرؤف فاروقی مولانا عاصم مخدوم مولانا خلیل الرحمٰن حقانی ظہیر الدین بابر مولانا قدرت اللہ عارف اور دیگر نے احتجاجی مظاہرے کیے اور سانحہ راولپنڈی اور ہنگو میں ڈراؤن حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی کراچی میں مفتی محمد عثمان یار خان مولانا قاری عبدالمنان انور مولانا حافظ احمد علی مولانا حماد مدنی صوبہ کے پی کے میں پشاور میں مولانا حامد الحق حقانی نے ایک بڑی ریلی سے خطاب کیا اور پاکستان کے خلاف اندرونی اور بیرونی سازشوں پر تفصیل سے روشنی ڈالی مردان میں اکرام اللہ شاہد تخت بھائی میں مولانا محمد اسرائیل مانسہرہ قاضی رفیق الرحمٰن ایبٹ آباد میں قاری یوسف شاہ صابری نے مظاہروں کی قیادت کی مظاہروں میں چیف جسٹس پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ سانحہ راولپنڈی اور ہنگو میں ڈراؤن حملوں کے خلاف سوموٹو ایکشن لیں اور سازشوں میں شامل افراد اور حکمرانوں کو عبرتناک سزا دیں۔

حضرت مولانا قاضی فضل اللہ صاحب کے والد کا انتقال اور مہتمم صاحب کی تعزیت:

دارالعلوم حقانیہ کے ممتاز فاضل، بین الاقوامی سکالر، مولانا قاضی فضل اللہ کے والد ماجد حاجی مصباح اللہ کچھ عرصہ پہلے انتقال کر گئے۔ حضرت قاضی صاحب کی امریکہ سے آمد پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب ان کے گاؤں چھوٹا لاہور تعزیت کیلئے تشریف لے گئے۔ جہاں پر قاضی صاحب کے علاوہ انکے بھائیوں جناب مطیع اللہ اور عزیز اللہ صاحب سے بھی تعزیت کی۔ اس موقع پر حضرت مولانا محمد ابراہیم فانی' مولانا راشد الحق سمیع' مولانا عرفان الحق اور دارالعلوم کے فاضل اور مخلص مولانا تاج محمد بلوچستانی بھی ہمراہ تھے۔

حضرت مہتمم صاحب کا دورہ رستم مردان : دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فاضل مولانا ظہور احمد خطیب رستم نے اپنے علاقہ رستم مردان میں اپنے بیٹے حافظ اسرار احمد نعمانی کے درس نظامی کے افتتاح پر ایک عظیم الشان تقریب کا اہتمام کیا۔ حضرت مہتمم صاحب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ شیخ القرآن مولانا نور الہادی اور مولانا عبدالقیوم حقانی، مولانا محمد اسرار مدنی سمیت دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی، اسکے بعد مردان پریس کلب میں پریس کانفرنس بھی کی، جس میں اکرام اللہ شاہد صاحب' حافظ حسین احمد صاحب سمیت دیگر اہم شخصیات وصحافی حضرات موجود تھے۔

■ ■ ■